SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 26, 2019

## ایس ای سی پی کا انشورنس سیکٹر کی ترقی کے لئے سٹرکچرل ریفارمز پر غور

اسلام آباد (فروری 26) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس سیکٹر کی ترقی اور ملک میں انشورنس کے رجحان میں اضافہ کے لئے، سٹرکچرل اصلاحات متعارف کروانے پر غور کر رہا ہے۔ انشورنس سیکٹر کی ڈویلپمنٹ کے لئے جامع منصوبہ نجی اور سرکاری سیکٹر سے مشاورت کے ساتھ تیار کیا جائے گا۔

دنیا میں ہونے والی معاشرتی، سماجی اور ٹیکنالوجیکل تبدیلیوں کے تناظر میں انشورنس سیکٹر میں تیزی سے تبدیلی آ رہی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے حامل ڈسٹری بیوشن چینل اور بینکا انشورس کی وجہ سے لائف انشورنس کے رجحان میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ تاہم پاکستان میں انشورنس انڈسٹری کا حصہ قدرے کم ہے۔ جی ڈی پی میں میں بیمہ کا حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے اور فی کس انشورنس کا شئیر 14.27 ڈالر ہے جو کہ علاقائی ممالک کی نسبت کافی کم ہے۔

انشورنس سیکٹر کی مارکیٹ ڈویلپمنٹ اور ترقی میں معاون پالیسیوں کی تیاری کے لئے ایس ای سی پی کے انشورنس ڈویژن کی تنظیم نو کر دی گئی ہے۔ انشورنس ڈویژن میں تین خود مختار محکمے تشکیل دیئے گئے ہیں جن میں سپرویژن، انفورسمنٹ اور مارکیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ پالیسی ریگولیشنز ڈیپارٹمنٹ شامل ہیں۔ ان محکموں کے مقاصد انشورنس کی کمپنیوں کے لئے ریگولیشنز، کمپنیوں کی نگرانی اور سپرویژن، اینٹی منی لانڈرنگ ور ٹیرارزم کی مالی معاونت کی روک تھام کے ریگولیشنز، بیمہ کاروں کا تحفظ اور انشورنس مارکیٹ کی ترقی کے اقدامات کرنا ہیں۔

مزید ازاں، ایس ای سی پی کے انشورنس ڈویژن کے ملازمین کی اہلیت بڑھانے کے لئے تربیتی پروگرام بھی شروع کیا جائے گا اور ملازمین کی حواصہ افزائی کی جائے گی کہ وہ انشورنس کے شعبہ پر مزید سمجھ بوجھ کے لئے ایکچو ئیری کی تعلیم حاصل کریں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005